21-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	اصول ترجمہ	کل وقت:	30 منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):______________________

نام طالبعلم:______________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ کلمہ کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

2۔ ال، اضافۃ، تنوین اور جر علامت ہے:

(الف) اسم کی (ب) فعل کی (ج) حرف کی (د) کلمہ کی

3۔ اسم معرفہ کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

4۔ مرکب کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

5۔ "رجل" ہے:

(الف) فعل (ب) نکرہ (ج) مرکب (د) معرفہ

6۔ "الفرس" ہے:

(الف) نکرہ (ب) فعل (ج) معرفہ (د) حرف

7۔ "الثوب نظيف" مثال ہے:

(الف) مرکب تام کی (ب) مرکب توصیفی کی (ج) مرکب اضافی کی (د) مرکب عددی کی

8۔ "المدينة" مثال ہے:

(الف) معرفہ کی (ب) اسم موصول کی (ج) منادیٰ کی (د) اسم اشارہ کی

9۔ "بيت خالد" مثال ہے:

(الف) مرکب توصیفی کی (ب) مرکب تام کی (ج) مرکب اضافی کی (د) مرکب عددی کی

ورق الٹیے

10۔اسم کے اعراب کی تعداد ہے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چھ (د) آٹھ

11۔جنس کے اعتبار سے اسم کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

12۔مؤنث لفظی کی علامتیں ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

13۔مضاف اور مضاف الیہ کو کہتے ہیں:

(الف) مرکب توصیفی (ب) مرکب تام (ج) مرکب اضافی (د) مرکب عددی

14۔فعل ماضی کے شروع میں "کان" لگانے سے بنتی ہے:

(الف) ماضی قریب (ب) ماضی مجہول (ج) ماضی استمراری (د) ماضی بعید

15۔جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو اسے کہتے ہیں:

(الف) فعل معروف (ب) فعل مجہول (ج) فعل ماضی (د) فعل امر

16۔فعل امر بنایا جاتا ہے:

(الف) فعل ماضی سے (ب) فعل ماضی بعید سے (ج) فعل مضارع سے (د) فعل ماضی استمراری سے

17۔"ن" ثقیلہ فعل مضارع پر داخل ہو کر اتنے صیغوں میں سے نون اعرابی گرا دیتا ہے:

(الف) پانچ (ب) سات (ج) نو (د) گیارہ

18۔"ن" خفیفہ کے کل صیغے ہیں:

(الف) چھ (ب) آٹھ (ج) دس (د) بارہ

19۔اسم موصول کے صیغے ہیں:

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

20۔"ال، جر اور تنوین" نہیں آتی ہے:

(الف) اسم پر (ب) فعل پر (ج) حرف پر (د) کلمہ پر

21-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	اصول ترجمہ	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________________

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "سافر علی الی دھلی" اور "السمك يعيش في السماء" ان میں سے اسم، فعل اور حرف الگ الگ کریں۔

2۔ اسم معرفہ اور نکرہ کی تعریفات لکھیں۔

3۔ اسم معرفہ کی اقسام بیان کریں۔

4۔ "ال" کون سے حروف ہیں؟ اور نکرہ پر داخل ہو کر کیا عمل کرتے ہیں؟

5۔ جس پر "ال" داخل ہو اس پر کیا نہیں آتا؟

6۔ اسمائے اشارہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟

7۔ "مضاف إلی المعرفة" سے کیا مراد ہے؟ اور ایک مثال دیں۔

8۔ "روشنی اور تاریکی، جنگل اور دریا" ان الفاظ کی عربی لکھیں۔

9۔ مرکب کی تعریف کریں اور اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔

10۔ "أكل فريد الفاكهة" کا ترجمہ کریں۔

11۔ اسم صفت کی تعریف اور اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔

12۔ فعل کے اعراب کتنے اور کون کونسے ہیں؟

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ اسمائے ستہ مکبرہ کونسے ہیں؟ اور ان کا اعراب کیا ہے؟

2۔ اسم کی عدد کے اعتبار سے کتنی اقسام ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں۔

3۔ "الساعة، السيارة، البستان، المظلم" کے معانی لکھیں۔

4۔ تثنیہ بنانے کا قاعدہ مع مثال لکھیں۔

5۔ مرکب اضافی کی تعریف کریں اور اضافت میں کس کا نون گر جاتا ہے؟

6۔ ضمیر کس کو کہتے ہیں؟ اور اس کی کتنی اقسام ہیں؟

7۔ ضمیر منفصل کس کو کہتے ہیں؟ اور اس کی کتنی اقسام ہیں؟

8۔ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی تعریف مع امثلہ تحریر کریں۔

9۔ مبتداء اور خبر کس کو کہتے ہیں؟ مبتداء عموماً کیا ہوتا ہے اور خبر عموماً کیا ہوتی ہے؟

10۔ فاعل کی تعیف مع مثال تحریر کریں۔

11۔ فعل لازم اور فعل متعدی کسے کہتے ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں۔

12۔ فعل کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. کلمہ اور اس کی اقسام کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔

ii. اسم مؤنث کی تعریف کریں۔ اور اس کی تمام اقسام تفصیل سے بیان کریں۔

iii. جمع کس کو کہتے ہیں؟ اور اس کی تمام اقسام تفصیل سے بیان کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. ماضی بعید اور ماضی استمراری بنانے کا طریقہ بیان کریں نیز ماضی استمراری معروف کی ایک گردان تحریر کریں۔

ii. فعل امر اور نہی بنانے کا طریقہ بیان کریں۔ نیز ان کی گردانیں تحریر کریں۔

iii. حروف جارہ تحریر کریں۔ اور یہ حروف کس پر داخل ہوتے ہیں؟ اور کون کون سے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں؟